بینک دولت پاکستان

ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (بینک)

شعبہ انتظام کرنسی

سی ایم ڈی سرکلر نمبر 8 **10 دسمبر 2020ء**

جناب صدر / چیف ایگزیکٹو آفیسر

تمام کمرشل بینک

25000 مالیت والے قومی پرائز بانڈز کا گردش سے اخراج

محترم / محترمہ،

براہِ مہربانی 25000 مالیت والے قومی انعامی بانڈز کے مبادلے / واپسی / بھنوانے اور 25000 مالیت والے پریمیم پرائز بانڈز (رجسٹرڈ) کے فوری نافذ العمل اجرا سے متعلق وزارتِ مالیات (بجٹ ونگ)، حکومتِ پاکستان کی اطلاع نمبر F.No.16(3)GS-I/2014-1683 اور F.No.16(3)GS-I/2014-1684 بتاریخ 9 دسمبر 2020ء ملاحظہ فرمائیے۔

2- اس ضمن میں، معلومات، رہنمائی اور من و عن عمل درآمد کے لیے درج ذیل ہدایات جاری کی جارہی ہیں:

اے) 25000 مالیت والے قومی انعامی بانڈز کی فروخت فوری طور پر روک دی جائے گی اور 31 مئی 2021ء کے بعد ان کو بھنوایا / واپس نہیں کروایا جاسکے گا۔

بی) مذکورہ بانڈز کے بھنوائے جانے پر نقد ادائیگی ممنوع ہے۔ تاہم، بانڈز کے حاملین ان بانڈز کی تبدیلی / بھنوانے کے لیے درج ذیل میں سے کسی کا انتخاب کرسکتے ہیں:

1- پریمیم پرائز بانڈز (رجسٹرڈ) میں تبدیلی

i. اسٹیٹ بینک بینکنگ سروسز کارپوریشن کے 16 فیلڈ دفاتر اور چھ مجاز کمرشل بینکوں یعنی نیشنل بینک آف پاکستان، حبیب بینک لمیٹڈ، یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ، ایم سی بی بینک لمیٹڈ، الائیڈ بینک لمیٹڈ اور بینک الفلاح لمیٹڈ کی برانچوں کے ذریعے بانڈز کو 25000 روپے مالیت والے پریمیم پرائز بانڈز (رجسٹرڈ) میں تبدیل کروایا جاسکتا ہے۔

ii. مجاز کمرشل بینک بھی مقررہ طریقہ کار کے مطابق فوری طور پر 25000 روپے مالیت والے پریمیم پرائز بانڈز (رجسٹرڈ) جاری کریں گے۔ اس کا اسٹاک پہلے ہی مجاز کمرشل بینکوں کو پہنچا دیا گیا ہے۔

iii. بانڈ کے حامل کے لیے ضروری ہے کہ وہ بیئرر بانڈز کو 25000 روپے مالیت والے پریمیم پرائز بانڈز (رجسٹرڈ) میں تبدیل کرنے کے لیے ضمیمہ اے میں منسلک مقررہ درخواست فارم پر تحریری درخواست جمع کروائے۔

iv. بانڈ کے حامل کے لیے ضروری ہے کہ وہ پریمیم پرائز بانڈز کی رجسٹریشن / خریداری کے لیے مروج طریقہ کار کے مطابق مقررہ درخواست فارم جمع کروائے۔

2۔ اسپیشل سیونگ سرٹیفکیٹ (ایس ایس سی) / ڈیفنس سیونگ سرٹیفکیٹ (ڈی ایس سی) کے ساتھ مبادلہ

i. اسٹیٹ بینک بینکنگ سروسز کارپوریشن کے 16 فیلڈ دفاتر، مجاز کمرشل بینکوں اور قومی بچت مراکز سے بانڈز کو ایس ایس سی / ڈی ایس سی میں تبدیل کروایا جاسکتا ہے۔

ii. چنانچہ، تمام مجاز کمرشل بینک بیئرر بانڈز کو ایس ایس سی / ڈی ایس سی میں تبدیل کرنے کے لیے ضمیمہ اے میں منسلک مقررہ درخواست فارم قبول کریں گے۔

iii. بانڈ کے حامل کے لیے مروج طریقہ کار کے مطابق ایس ایس سی / ڈی ایس سی کی خریداری کے لیے مقررہ درخواست فارم (ایس سی-1) جمع کروانا ضروری ہے۔

3۔ عرفی مالیت پر بھنوانا

i. بانڈز کو اسٹیٹ بینک بینکنگ سروسز کارپوریشن کے 16 فیلڈ دفاتر کے ذریعے مجاز کمرشل بینکوں کی برانچوں میں بانڈ حاملین کے بینک اکاؤنٹ اور قومی بچت مراکز کے بچت کھاتوں میں رقوم کی منتقلی کی صورت میں ہی بھنوایا جاسکے گا۔

ii. تمام مجاز کمرشل بینک بیئرر بانڈز کو ایس ایس سی / ڈی ایس سی میں تبدیل کرنے کے لیے ضمیمہ اے میں منسلک مقررہ درخواست فارم قبول کریں گے۔

3۔ درخواست فارم (ضمیمہ اے) کی ایک دستخط اور مہر شدہ نقل بانڈ کے حامل کو رسید کے طور پر فراہم کی جائے گی۔

4۔ مزید برآں، عوام کی جانب سے بھنوائے / تبدیل کیے گئے ان پرائز بانڈز کو کمرشل بینک کے متعلقہ علاقائی دفتر کے توسط سے متعلقہ اسٹیٹ بینک بی ایس سی دفتر کے حوالے کیا جاسکتا ہے۔ اس مقصد کے لیے، علاقائی دفتر ایس بی پی بی ایس سی آفس کو تین دن پہلے اطلاع کرسکتا ہے تاکہ بانڈز کی وصولی کے لیے ضروری انتظامات کیے جاسکیں۔

5۔ یہ بتانا ضروری ہے کہ عوام کی آگاہی اور معلومات کے لیے مذکورہ بالا سہولتوں سے متعلق ایک نوٹس برانچوں کے احاطے کے اندر نمایاں مقامات پر ضرور آویزاں کیا جائے۔

6۔ اس موضوع پر کوئی بھی سوالات سی ایم ڈی، ہیڈ آفس کراچی پر بھیجے جاسکتے ہیں۔

منسلکات: (مذکورہ بالا)

آپ کا مخلص،

(شہزاد اختر)

سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر